بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड,पटना
Bihar State Madrasa Education Board
5,Vidyapati Marg Patna-800001

فوقانیہ ومولوی امتحانات 2023 کے امتحان فارم بھرنے کی فیس میں کمی کردی گئی ہے: عبدالسلام انصاری، چیئرمین مدرسہ بورڈ

پٹنہ مورخہ 17 مارچ 2023ء

ڈاکٹر محمد نوراسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئرمین مدرسہ بورڈ، جناب عبدالسلام انصاری طلبا وطلبات، گارجین حضرات اور مدارس سے متعلق تنظیم کی گذارش پر غور کرتے ہوئے مدرسہ بورڈ کی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا کہ طلبا وطالبات کے فارم بھرنے کی فیس میں کمی کی جائے۔ بورڈ کے فیصلہ کی روشنی میں ریاست بہار کے تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل/صدر مدرس/طلباء طالبات اور گارجین حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درجہ فوقانیہ ومولوی 2023 امتحانات کی فیس میں کمی کردی گئی ہے۔ واضح ہو کہ فوقانیہ اور مولوی 2023 کا امتحانی فیس قبل میں علی الترتیب Rs-1000 اور Rs-1100 مقرر تھا۔ اب فارم بھرنے کی فیس میں کمی کرتے ہوئے درجہ فوقانیہ کیلئے 850 روپے اور درجہ مولوی کیلئے 950 روپے فی امیدوار ادا کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔

مزید ڈاکٹر محمد نوراسلام نے بتایا ہے کہ سال 2023 کے امتحانات نئے نصاب تعلیم کے مطابق منعقد ہوں گے اس لئے فوقانیہ ومولوی 2023 سے متعلق فارم بھرنے کے طریقہ کار میں بھی کچھ تبدیلیاں کی گئیں ہیں اس ضمن میں دفتر کے ذریعہ ہدایت نامہ تیار کر بورڈ کے ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔

وہیں ڈاکٹر محمد نوراسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن نے ویسے امیدوار کو مطلع کیا ہے جنہوں نے سال 2022 کے امتحان میں شامل ہونے کیلئے رجسٹریشن کرائے تھے لیکن امتحان فارم نہیں بھر سکے یا امتحان میں کامیاب نہیں ہوئے یا امتحان میں کسی وجہ کر شامل ہونے سے قاصر رہ گئے ہیں تو ویسے امیدوار سال 2023 کے امتحان میں صرف امتحان فارم بھریں گے اور اسٹریم میں مولوی آرٹس/ مولوی اسلامیات میں سے کسی ایک اسٹریم کو منتخب کریں گے۔ اسے مدارس کے صدر المدرسین اور متعلق امیدوار اس شرط کو ذہن نشیں کرلیں۔

17.3.2023

(ڈاکٹر محمد نوراسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ